© rasailojaraid.com



زیرنظر شرح 'اثمار الهدایہ' مولانا ثمیر الدین قاسمی مدظلہ نے تحریر فرمائی۔ یہ شرح فی الحال زیر تکمیل ہے' ابتدائی طور پر بکسٹال میں زمزم پبلشرز کی معاونت سے ابتدائی طور پر اس کی پانچ جلدیں سامنے آئی ہیں۔

جلد اول کتاب الطہارۃ۔ جلد ثانی کتاب الصلوۃ۔ جلد ثالث کتاب الصوم وکتاب الحج' جلد رابع' کتاب النکاح' رضاعت وطلاق' جلد خامس طلاق وغیرہ کے بقیہ مسائل پر مشتمل ہیں۔

یادرہے کہ اس سے قبل مصنف کی قدوری کی ایک شرح ''الشرح الثمیری'' کے نام سے منظر عام پر آ کر قبول عامہ حاصل کر چکی ہے۔اس شرح کی خصوصیات کچھ یوں ہیں۔

☆ ھدایہ کی عربی عبارت کے ساتھ بامحاورہ ترجمہ اوراسکی آسان اور قابل فہم تشریح۔

☆ تقریباً ہر مسئلہ کے تحت اصول کا ذکر جس سے مسئلہ کا مخرج آسانی سے سمجھ میں آسکے۔

☆ احناف اور دیگر مذاہب کے مسائل کے لئے دلائل احادیث سے پیش کئے گئے اور خصوصاً مذہب حنفی کے مسائل کی توثیق' تائید وتصویف کے لئے اکثر مقامات پر تین احادیث نقل کی گئی ہیں۔

☆ احادیث کے حوالے انتہائی جامع انداز سے دیئے گئے تاکہ حدیث تک رسائی میں مشکل نہ پیش آئے۔

☆ لغت کے تحت مشکل الفاظ کی تحقیق کی گئی۔

☆ قدیم اصطلاحات کی نئی اصطلاحات کے ساتھ وضاحت کرنا۔

یہ شرح علماء کرام اور طلباء عظام ہر دو کے لئے مفید اور زریں تحفہ ہے۔آخر میں یہی کہوں گا کہ

"مشک آں است کہ خود ببوید نہ کہ عطار بگوید"

---

کتاب: اکابرین وفاق المدارس پاکستان مؤلف: مولانا حافظ سید محمد اکبر شاہ بخاری

ضخامت: ۳۳۶ صفحات قیمت: درج نہیں ناشر: مکتبہ رحمانیہ لاہور

مولانا حافظ سید محمد اکبر شاہ بخاری صاحب زید مجدہم نے اکابر اہل علم کے حالات' واقعات ان کے سوانح' خطبات' مواعظ اور ملفوظات وارشادات کی ترتیب' تالیف پر درجنوں کتابیں مرتب کی ہیں اور بعض تالیفات کئی جلدوں پر مشتمل ہیں۔ زیر نظر کتاب اکابرین وفاق المدارس العربیۃ پاکستان' حضرت مولانا صاحب کی اپنے اکابر کے ساتھ والہانہ محبت کی دلیل ہے۔اس کتاب میں مولانا موصوف نے وفاق المدارس العربیۃ کے قیام اس کے سب سے پہلے کابینہ' ارکان مجلس عاملہ وعہدیداران کا تذکرہ کیا ہے اور ساتھ اکابرین وفاق المدارس کا مختصر سوانحی خاکہ اور ساتھ پاکستان بھر میں چند مشہور مدارس کا تذکرہ جو وفاق المدارس میں شامل ہیں' مکتبہ رحمانیہ اقراء سنٹر غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور نے افادہ عام کے لئے شائع کر کے داد تحسین حاصل کی۔

© rasailojaraid.com